Posted On Kitab Nagri

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عشق کی بازی

بشریٰ عابد

## EPISODE : 6

تم کرو شاپنگ مجھے ضروری کال کرنی ہے۔۔۔کہتے ایک نظر میرال پر ڈال کر شاپ سے باہر نکل آیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ کیا ہو رہا ہے میرے ساتھ،

Why I am getting insecure seeing him with someone else?

Posted On Kitab Nagri

باہر آ کر بائیں جانب سینے پر ہاتھ رکھے وہ خود کی کیفیت کو سمجھنے سے قاصر تھا۔پارکنگ میں آ کر گاڑی میں بیٹھے سٹارٹ کرنے لگا کہ موبائل پر زوبیہ کی کال دیکھ کر اٹینڈ کی اور پھر مکرم ریحان صدیقی کی اچھی خاصی گلاس لگائی وجہ مکرم کا شاپ سے چلے جانے اور اس کا ٹائم نہ دینے پر عدینہ نے زوبیہ کو کال کر کے ساری بات سے آگاہ کر دیا جس سے اب مکرم کو باتیں سنی پڑی۔جی مام جا رہا ہو۔۔۔کہتے کال بند کرتے گاڑی سے باہر نکل کر ڈور کو زور سے بند کرتے مال میں انٹر ہوتے اردگرد کسی کی تلاش میں نگاہیں دوڑاتے وہ واپس اسی شاپ میں آیا جہاں پہلے عدینہ کے ساتھ آیا تھا۔شاپ میں انٹر ہوتے سامنے دیکھا جہاں عدینہ منہ بنائے اس کی طرف آ رہی تھی، اٹس ناٹ فیئر مکرم تم نے اکیلا ہی چھوڑ کر جانا تھا تو ساتھ آنے کا فائدہ اکیلے میں خود بھی آ سکتی تھی بٹ کافی ٹائم بعد پاک آنا ہوا تو راستوں کا زیادہ علم نہیں اس لیے سوچا کسی کے ساتھ آؤ مگر خیر اب واپس چلتے ہیں۔۔۔چہرے پر معصومیت کے تاثر کیے بولی۔۔۔سوری مجھے ایک ضروری کال کرنی تھی اب شاپنگ کر کے ہی چلتے ہیں۔عدینہ کی حرکت پر دل تو کر رہا تھا اسے مال میں چھوڑ کر چلا جائے مگر اپنی موم کی ناراضگی کی وجہ سے معذرت کرتے بولا، وہ دل میں خوش ہوتی خود کو داد دیتے اس کے ساتھ چل پڑی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

~~***~~

وہ لوگ کچھ دیر پہلے ہی صدیقی منشین لوٹے تھے مسلسل تین گھنٹے شاپنگ مال میں میں اس کے ساتھ چلتا رہا عدینہ کو کچھ خاص پسند ہی نہیں آ رہا تھا جان کر مکرم کو ساتھ لیے گھومتی رہی جب مکرم نے سنجیدگی سے کہا کچھ پسند کر بھی لو ابھی تک کچھ لیا ہی نہیں ، تب جا کر عدینہ نے ایک دو ڈریس لیے، وہ باہر نکلنے لگا جب پیچھے دیکھا تو وہ کافی شاپ میں انٹر ہو گئ پہلے ہی اس کے ساتھ آنے پر وہ پچھتا رہا تھا اور اب سخت کوفت بھی ہوئی تھی مگر اپنی مام کی وجہ سے برداشت کرتا رہا۔میں اپنے روم میں جا رہا ہوں مجھے کوئی ڈسٹرب نہ کریں۔میڈ سے کہتے اپنے کمرے میں چلا گیا۔وہ سر ہلا کر کیچن میں چلی گئ۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عدینہ نے ملازم کو گاڑی سے بیگز نکال کر اندر لانے کو کہا لاونج میں رکھے صوفے پر بیٹھتے میڈ کو پانی کا کہہ کر پاؤں کو ہیلز سے آزاد کرتے دور اوچھالی کہ اندر داخل ہوتی میڈ کو جا لگی پانی کا گلاس گر کو ٹوٹ گیا منہ پر ہاتھ رکھے درد سے بلبلا اٹھی۔آندھی ہو گئ ہو کیا۔۔؟ یہ اندھی نہیں تم ہو گئی ہو۔۔۔عدینہ ابھی کچھ اور کہتی کہ مکرم جو کیچن میں چائے کا کہنے آیا تھا عدینہ کی حرکت دیکھ کر غصے سے بولا۔۔تم نے اس ملازمہ کے لیے مجھے اندھا کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

صوفے سے اٹھتے ملازمہ کی طرف انگلی کرتے غصے سے کہتے بولی۔ہاں تمہیں ہی کہا یہ گھر ہے یہاں لوگ رہتے ہیں اور تم ایسی حرکتیں کرو گی تو غلطی تو تمہاری ہی ہو گی نا آئیندہ دھیان رکھنا۔۔وہ اس کے جوتے والی حرکت پر بولا۔۔۔مکرم تم میری انسلٹ کر رہے ہو اور تم کھڑی کہا دیکھ رہی ہو صاف کرو اسے اور جاؤ یہاں سے۔۔۔ملازمہ کو غصے سے کہتے بولی۔۔یہ انسلٹ نہیں ایک کامن بات ہے جو چھوٹے بچوں کو بھی معلوم ہوتی کہ جوتے اتر کر ہوا میں پھینکتے نہیں بلکہ ان کی سہی جگہ پر رکھتے ہیں تمہیں صرف اس بات سے آگاہ کیا ہے باقی تمہیں انسلٹ فیل ہوئی یہ میری نہیں تمہاری تھیوری ہے اور آپ یہ صاف کر کے میرے لیے چائے بنا کر رحمان کے ہاتھ روم میں بیھجوا دیجیئے گا وہ اسے کہتے ملازمہ کی طرف موڑا جو کانچ کے ٹکڑے اٹھا رہی تھی ملازمہ جلدی سے صاف کر کے کیچن میں چلی گئی کہ عدینہ دوبارہ اسے نہ سنا دے۔مکرم تم بار بار میری انسلٹ کر رہے ہو یہ مجھے منظور نہیں بہت غلط کر رہے ہو۔۔وہ غصے سے تپی روم میں چکر لگا رہی تھی عدینہ کچھ کرنا پڑے گا۔۔خود سے بولی۔

~~***~~

Posted On Kitab Nagri

دو دن تیاری میں ہی گزر گئے وہ سندس بیگم سے اجازت لے کر دن میں ہی رابعہ کے گھر آ گئ تھی ظہر کی نماز پڑھ کر دونوں دوستیں کمرے میں بیٹھی شام کے فنکشن کی باتیں کر رہی تھی ساتھ میرال اسے تنگ کر رہی تھی تب ہی ہاتھ میں پکڑے کھانے کی ٹرے لیے شائستہ بیگم کمرے داخل ہوئی۔۔۔بچیوں یہ کھا لو کب سے کاموں میں لگی ہو۔۔۔جی آنٹی بس ہم ابھی باہر ہی آ رہی تھیں۔۔۔میرال نے اٹھ کر ان کے ہاتھ سے ٹرے لیتے کہا۔۔۔اچھا چلو یہ کھاؤ اور پھر تیار ہو جانا لڑکے والے بھی عصر کے بعد آ جائے گے رسم کے لیے۔وہ انہیں کہتی کمرے سے نکل گئ۔وہ کھانا کھا کر برتن دھونے کیچن میں چلی آئی رابعہ کے منع کرنے کے باوجود میرال نے برتن دھوئے عصر کی نماز ادا کرنے کے بعد میرال اسے تیار کرنے لگی کیونکہ رابعہ نے کسی اور سے تیار ہونے کی بجائے اپنی پیاری سہیلی کو کہا کہ وہ مجھے تیار کریں گی اسے تیار کر کے اب دوپٹہ سیٹ کر رہی تھی جب باہر سے باتوں کی آوازیں آنا سنائی دی تو جلدی سے ہاتھ چلائے۔۔میرال تم نے تو ابھی تیار ہونا ہے سوری یار میرے چکر میں تم خود رہ گئ۔۔۔وہ میرال کو دیکھ کر بولی جو صرف کپڑے پہنے ہوئی تھی نہ بال بنائے نہ میک اپ کیا۔۔۔کوئی بات نہیں میں نے کونسا میک اپ کرنا ہے بس بال بنانے ہیں ابھی دس منٹ میں ہو جائے گا تم پریشان نہ ہو ورنہ پکس کو جی آئیں گی اور پھر میرے جیجو نے پکس دیکھ کر کہنا یہ کیا عجوبہ مجھے دے دیا۔۔۔اسے اداس دیکھ کر چھیڑتے بولی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

میرررررال کی بچی تجھے بتاتی ہوں۔۔۔رابعہ اس سے پہلے کچھ کرتی میرال جلدی سے بھاگ کر بیڈ کی دوسری سائیڈ جا کھڑی ہوئی۔۔اچھا بعد میں بتا لینا ابھی میں تیار ہو جاؤ دیکھ باہر تیرے سسرال والے آگئے ہیں۔۔میرال نے اس کا دھیان دوسری طرف کرتے کہا۔۔۔ تمہیں تو میں بعد میں دیکھوں گی۔۔۔کمرے کی کھڑکی سے باہر کی طرف دیکھتے بولی۔۔ اچھے سے دیکھ لینا ابھی مجھے بخش میں تیار ہو لوں۔۔میرال جلدی سے شیشے کے آگے کھڑی ہوتی لائٹ اورینج کلر کی لپ اسٹک گلابی ہونٹوں پر لگائی بال بنائے اور دوپٹہ اوڑھ کر نیچے جھک پاؤں میں گولڈن کھوسہ پہنا اور کھڑی ہو گئ۔

رابی۔۔زیادہ اوور تو نہیں لگ رہی۔۔؟؟ رابعہ کی طرف دیکھتے پوچھا جو کھڑکی سے باہر دیکھنے میں مصروف تھی۔۔ارے نہیں یار لگ ہی نہیں رہا کہ تو تیار بھی ہوئی ہے۔۔آنکھ ونگ کرتے بولی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ دیر پہلے ہی رابعہ کے سسرال والے آئے تھے شائستہ بیگم نے اپنے مرحوم بھائی کی خواہش کو پورا کرتے رابعہ کا رشتہ اپنے بھتیجے عمر کے ساتھ طے کیا تھا۔صوفیہ بیگم (عمر کی والدہ) جن کے دو بچے بڑی بیٹی مریم جس کی شادی صوفیہ کی دوست کے بیٹے سے ہوئی تھی

Posted On Kitab Nagri

شادی کے چار سال بعد اسے خوشخبری نصیب ہوئی جس کی وجہ سے وہ احتیاط کرتے بھائی کی منگنی کے لیے اپنی پھوپھو کے گھر بھی نہیں گئ مگر اپنے میکے میں اچھی خاصی رونق لگائی رکھی، چھوٹا بیٹا عمر جو صدیقی انڈسٹری میں مینجر کی پوسٹ پر تھا، شوہر کی وفات کے بعد صوفیہ بیگم نے محنت کر کے دونوں بچوں کو پڑھایا، اور پھر عمر نے پڑھائی مکمّل کر کے اپنی ماں کا سہارا بنا۔منگنی کی رسم تھی سو زیادہ لوگوں کو نہیں بلایا گیا صرف میرال کی فیملی اور عمر کے والے تھے۔

شائستہ اگر اجازت ہو تو رابی کو لے آئے لڑکیاں رسم شروع کرے۔۔۔صوفیہ بیگم نے پوچھا۔۔۔جی بھابھی کیوں نہیں ابھی کہتی۔۔۔کہتے وہ کمرے میں چلی گی۔میرال بیٹا تیار ہو گئ تو رابعہ کو لے آو۔۔۔کمرے میں آتے میرال کو دیکھتے کہا۔۔۔جی آنٹی آپ چلے میں لے کر آتی ہوں۔

چلو میری بنو رانی آ گئے تیرے سسرال والے۔۔۔وہ رابعہ کے گال کو کھینچتے بولی۔۔۔روک دو منٹ میں زرا آئینے میں خود کو دیکھ تو لوں کیسی لگ رہی۔۔۔جلدی سے چل کر شیشے کے آگے کھڑے ہوتے بولی۔۔ارے میری چڑیل پیاری نہیں۔۔۔۔۔بہت پیاری لگ رہی ہے

Posted On Kitab Nagri

اب چل ورنہ آنٹی اپنے طریقے سے بتائے گی کہ تو کسی لگ رہی ہے۔۔اسے بازو سے پکڑتے کمرے سے باہر لے کر چھوٹے برآمدے میں لائی جہاں سامنے صوفہ رکھا تھا درمیان میں میز پر مٹھائی کی ٹوکریاں فروٹ کپڑے اور کافی ساری چیزیں رکھی تھی صوفے کے دائیں بائیں طرف مہمانوں کے بیٹھنے کے لیے پلاسٹک کی کرسیاں رکھی تھی۔

بھابھی آئے بسم اللہ کر کے رسم شروع کرے۔۔رابعہ کو صوفے پر بیٹھاتے خود پیچھے کرسی پر بیٹھ گئ۔

ماشاءاللہ بہت پیاری لگ رہی ہے۔صوفیہ بیگم نے انگوٹھی پہناتے ماتھے پر پر پیار کرتے کہا۔۔یہ لو منہ میٹھا کرو، اللہ نظریں بد سے بچائے آمین۔۔رابعہ کو میٹھائی کھلاتے ہزار کے کئی نوٹ سر سے وار کر ملازمہ کو پکڑائے۔

بہت مبارک ہو شائستہ اب میری بیٹی تمہارے پاس کچھ عرصے کی امانت ہے میں بہت جلد اسے لے جاؤں گی۔گلے ملتے کہا۔۔۔خیر مبارک آپ کو بھی مبارک بھابھی۔۔۔کیوں نہیں آپ جب چاہے لے جائے آپ کی بیٹی ہے۔۔۔سندس بیگم نے بھی آگے بڑھ کر دونوں نند

Posted On Kitab Nagri

بھاوج کو مبارک دی سب ایک دوسرے کا منہ میٹھا کرواتے گئے۔۔۔میرال بھی اٹھ کر گلے مل کر مبارکباد دیتی منہ میٹھا کروایا۔۔۔اچھا اب ہمیں اجازت دو شائستہ ہمیں بھی جا کر تیاری کرنی ہے تم لوگ عشاء کے فورا بعد آ جاؤ گے۔۔۔جی بھابھی ضرور ہم جلدی آئے گے۔۔۔ سب کو ملتے اللہ حافظ کہتے نکل پڑی۔۔

~~~\*\*~~~

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.xyz آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

logicalmoez@gmail.com
~~~

Posted On Kitab Nagri
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
logicalmoez@gmail.com
whatsapp _ 0319 8276205

ابھی کچھ دیر پہلے ہی وہ شائستہ بیگم سندس بیگم اور کچھ قریبی لوگوں جو عمر کے ہاں رسم کے لیے نکلے تھے میرال خود تو نہیں آنا چاہتی تھی اس کا کہنا تھا بھلا لڑکے کی رسم میں اس کے جانے کا کیا کام مگر وہ رابعہ ہی کیا جو سمجھ جاتی اس نے ضد پکڑ لی کہ تم جاؤ گی اسے زبردستی بھیج کر اپنی منمانی پوری کی، شائستہ بیگم نے بھی اصرار کیا کہ دونوں ماں بیٹی چلے تو سندس بیگم نے میرال کو ساتھ چلنے کا کہا وہ دل ہی دل میں رابعہ کو صلواتے سناتے گاڑی میں بیٹھی۔

Posted On Kitab Nagri

میرال مجھے زرا مصطفی کا نمبر ملا دو بات کر لوں۔۔۔سندس بیگم نے میرال کو کہا جو ان کے ساتھ گاڑی میں بیٹھی تھی۔۔۔جی امی ابھی فون کرتی ہوں۔۔۔کہتے موبائل پر مصطفی کا نمبر ڈائل کرنے لگی۔۔

جی بھائی یہ امی سے بات کر لے۔۔۔کال ریسیو ہونے پر موبائل سندس بیگم کو پکڑایا۔۔۔ سندس بیگم نے بات کرکے موبائل میرال کو پکڑا دیا جو کال بند ہو چکی تھی

تقریباً دس منٹ بعد گاڑی ایک چھوٹے لیکن خوبصورت گھر کے اندر داخل ہوئی گیٹ پہلے سے کھولا تھا مہمان آ رہے تھے سب گاڑی سے نکل کر اندر کی طرف چل پڑے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرال بیٹا یہ میٹھائی تم پکڑ لوں میں دوسری چیزیں اٹھا لیتی ہوں۔۔۔شائستہ بیگم نے کہا۔۔۔ارے آنٹی آپ اندر جائے میں یہ سب لڑکیوں کے ساتھ لے کر آتی ہوں۔۔۔ بہت شکریہ بیٹا اللہ تمہارا نصیب اچھا کرے بہت مدد کی تم نے آؤ سندس ہم اندر چلتے ہیں۔۔۔یہ بات کر کے تم ہمیں پرایا کر رہی ہو شائستہ اپنے ہی اپنوں کے کام آتے ہیں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ان کے ساتھ چلتے سندس بیگم نے شکوہ کیا۔۔ہاں بلکل بھابھی اور تم لوگوں کے علاوہ ہے ہی کون ہمارا۔۔۔

اچھا بچیوں دھیان سے ساری چیزیں لے آنا۔۔سندس بیگم نے اندر داخل ہونے سے پہلے کہا۔۔۔جی امی لے آتے ہیں۔۔۔کہتے گاڑی کی ڈگی سے شاپر نکال کر دوسری لڑکیوں کو پکڑائے۔۔سارے ہو گئے چلو تم لوگ لے جاؤ میں زرا رابی کی بات سن لو اسے بھی چین نہیں آنا جب تک بات نہ کر لوں کال کر کے تنگ کرتی رہے گی۔۔۔ موبائل پر آتی رابعہ کی کال کو دیکھ کر بولی۔۔۔ہاں بولو بنو رانی کو اب کیا مسلہ ہے؟ ہائے کیسی بے مروت سہیلی ہوتی جا رہی ہے کیا ہو گیا اگر میں دو تین بار کال کر کے پوچھ ہی لیا اور ویسے بھی کونسا تیرا بیلنس لگ رہا ہے جو اتنا منہ بنا رہی خیر چھوڑو یہ بتاؤ پہنچ گئے تم لوگ۔۔؟ رابعہ گلہ کرتے بولی۔۔۔اچھا بس بس زیادہ باتیں نہ سنا چالاک نہ ہو تو ہم لوگ ابھی کچھ دیر پہلے پہنچے ہیں اب رکھ فون مجھے اندر جانا ہی باہر کھڑی ہوں۔۔۔روک تو دو منٹ۔۔۔میرال جو جلدی سے بات کر کے کال بند کرنے لگی اس کے بولنے پر روک گئی۔۔۔۔جلدی بولو جو کہنا ہے۔۔۔ وہ اردگرد دیکھتے بولی جہاں سے مہمان گزر رہے تھے وہ سائیڈ پر کھڑی ہو گئی اچھا نہیں لگ رہا تھا ایسے باہر کھڑے ہوتے۔۔۔۔وہ میں کہنا تھا کہ اپنے جیجو کی پکس اچھی سی بنانی ہے

Posted On Kitab Nagri

اور جو پوز میں نے بتائے تھے وہ ان کو بول کر بنانا میں نے اپنی اور ان کی پکس کو ساتھ جوڑنا ہے یو نو نا جانو سیم پوز کپل فوٹو۔۔۔رابعہ نے اپنی ہنسی کو کنٹرول کرتے کہا۔۔ ایکسکوزمی۔۔۔مکرم جو گاڑی روک کر سیٹ سے فریش بکے اٹھا کر دوسرے ہاتھ سے گاڑی کو لوک کرکے اردگرد دیکھنے لگا کہ کہاں جائے جب سامنے اس کی طرف پشت کیے کوئی لڑکی کھڑی تھی اس نے سوچا اس سے پوچھ لے کہ کس طرف جانا ہے مگر میرال کو سنائی نہیں دیا سنتی تو پلٹ کر ضرور دیکھتی۔۔۔ سبحان اللہ۔۔۔اب یہ کیا نئے شگوفے ہیں میں نہیں لے رہی ایسی پکس میں تو دیکھ کر ہی کانوں کو ہاتھ لگاؤں۔۔۔اس کی آواز سن کر مکرم چونکا، وہ اپنے دھیان میں بولی جا رہی تھی یہ جانے بغیر کہ کوئی اس کے پیچھے چند قدموں پر کھڑا اس کی باتیں سن رہا ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرال پلیز نہ میری پیاری سہیلی نہیں ہیں۔۔۔جی نہیں سہیلی ہوں پر یہ کام نہیں کر سکتی۔۔۔ میرال پلیز نا میری خاطر۔۔۔اچھا بس کر ڈرامے باز کہیں کہ کسی کو بول کر بنوا دو گی۔۔۔ پکا بنوائے گی نا۔۔۔اس کی تسلی نہیں ہو رہی تھی جو پھر سے پوچھ اٹھی۔۔۔ہاں میری ماں بنوا دوں گی اب فون بند کر اگر اب تو نے کال کر کے مجھے تنگ کیا نا تو پکس کو چھوڑ کر جیجو کو تیری شرارتوں کے بارے میں بتاؤں گی۔۔۔میرال نے اسے دھمکی دینے والے

Posted On Kitab Nagri

انداز میں کہا۔۔نا۔۔نا نہیں ایسا نا کرنا اچھا تھوڑی لگے گا تم تو میری سہیلی ہوں نا جانو اب نہیں کرتی تم مزے کرو پھر بتانا۔۔۔رابعہ اسکی دھمکی پر ایسے جلدی سے بولی کہ کہیں واقعے میں وہ عمر کو بتا دے گی۔

~~~\*\*~~~

ایکسکوزمی کیا آپ مجھے بتا۔۔میرال جو کال بند کر کے اندر جانے لگی کسی کی آواز پر روک کر پیچھے مڑ کر بولی۔۔جی۔۔۔وہ ڈارک براؤن ریشمی فراک جس پر سلور رنگ کی کڑاھی ہوئی تھی ساتھ چوری دار پاجامہ اور ہم رنگ دوپٹہ اوڑھے تھی میک اپ کی بجائے آنکھوں میں کاجل ڈالے، ہونٹوں پر لپ گلوس لگائے اور اس پل مکرم ریحان صدیقی کے الفاظ گم ہو گئے جیسے ہر چیز سے بے نیاز اسے دیکھنے لگا۔۔۔جی کہیں۔۔۔میرال کے بولنے پر وہ خیالوں سے باہر نکلا۔۔وہ اصل میں میں یہاں فرسٹ ٹائم آیا ہوں سو آپ بتا سکتی کس طرف جانا۔۔۔خود کو کنٹرول کرتے نہایت نرمی سے پوچھا۔۔۔اس طرف اندر جانا سب وہاں ہی جا رہے ہیں ویسے میں بھی یہاں فرسٹ ٹائم آئی ہوں۔۔۔کہتے آگے کو چلنے لگی۔۔۔تھینک یو سو مچ۔۔۔مکرم اس دیکھتے بولا۔۔۔اٹس اوکے۔۔۔کہتے دونوں اندر بڑھ گئے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com
~~~

Posted On Kitab Nagri

فنکشن گھر کے بیک سائیڈ بنے لان میں تھا عمر کے قریبی دوست اور فیملی کے لوگ تھے ہر طرف رنگین فنسی لائٹس جگمگا رہی تھی سامنے اسٹیج بنایا گیا جس پر سفید اور سرخ پھولوں سے سجاوٹ کی گئی تھی۔مبارک ہو عمر۔۔۔مکرم نے گلے مل کر بکے پکڑاتے کہا۔۔۔بہت شکریہ سر آپ کے آنے کا آیئے بیٹھے نا۔۔۔عمر نے مسکراتے کہا۔۔۔جب کچھ دیر بعد شائستہ بیگم نے آگے بڑھ کر عمر کو گھڑی پہنائی اور ساتھ مٹھائی کھلائی سب باری باری عمر کو مبارک باد اور مٹھائی کھلاتے گئے۔۔۔میرال نے مریم کو رابعہ کی طرف سے جو پکس کا پیغام تھا وہ اسے بتایا تو وہ ہنستے ہوئی بولی۔۔۔ہاں تو بنا لوں فوٹوگرافر والی پکس تو بعد میں ملے گی ایسا نا ہو میری بیچاری چھوٹی سی بھابھی کہیں ناراض ہو جائے جاؤ تم بنا لو۔۔۔ارے آپی میں کیسے بناؤ اتنے سارے لوگ کھڑے ہیں وہاں۔۔۔سامنے دیکھتے بولی۔۔۔ارے کچھ نہیں ہوتا جاؤ اپنے ہی لوگ ہیں۔۔۔مریم اسے ہاتھ سے پکڑ کر آگے کرتے بولی۔۔۔رابعہ کی ناراضگی کا سوچتے وہ سندس بیگم سے اجازت لے کر اسٹیج کر طرف بڑھی جب دیکھا کہ سامنے عمر کے گرد لڑکے کھڑے ہیں تو پیچھے روک کر خود سے بولی۔۔او ہو اب پکس کیسے لوں سب تو آگے کھڑے ہیں۔۔۔جیجو کو کیسے بولو گی کہ آپ کی منگیتر صاحبہ نے آرڈر دیا ہے پوز والے فوٹو چاہیے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

If You Don't Mind Can I help you.?

مکرم جو اس کے دائیں جانب کھڑا سافٹ ڈرنک پی رہا تھا اس کی طرف دیکھتے بولا۔۔آپ میری باتیں سن رہے تھے۔۔۔ارے نہیں میں یہاں پہلے سے کھڑا تھا آپ کی باتیں خودبخود میرے کانوں تک پہنچ گئی آپ مجھے بتا دے میں اس پوز میں عمر کی پکچر لے دوں گا۔۔ میرال چند منٹ سوچ میں پڑ گئی جب مکرم بولا۔۔۔آپ شاید یہ سوچ رہی کہیں آپ کا موبائل لے کر بھاگ نہ جاؤں آپ ایسا کرے موبائل کو لوک لگا کر مجھے دے اور یہاں ساتھ کھڑی رہے اپ کی تسلی بھی ہو جائے گی۔۔۔ارے نہیں ایسی بات نہیں وہ بسس۔۔۔ پھر جھجھکتے ہوئے موبائل اس کی طرف بڑھایا وہ مکرم سے دو قدم پیچھے چل کر اسٹیج پر ائی جہاں صرف عمر بیٹھا تھا مکرم کو دیکھتے اٹھ کھڑا ہوا۔۔۔ارے رے بیٹھو یار کیا کرتے ہو یہ آفس نہیں جہاں تم کھڑے ہو جاؤ میں تو یہاں کسی کی عرضی لے کر آیا ہوں۔۔اسے تنگ کرتے اپنے پیچھے کھڑی میرال کو دیکھ کر بولا۔۔۔جی سر بولے میں کیا مدد کر سکتا۔۔۔عمر نے اس کے تعاقب میں دیکھتے پوچھا۔۔۔السلام علیکم بھائی میں رابعہ کی دوست میرال بہت مبارک ہو۔۔۔۔ابھی وہ بول ہی رہا تھا کہ میرال آہستہ آواز میں بولی۔۔۔وعلیکم السلام بہنا خیر مبارک۔۔۔اچھا آپ ہیں میرال جس کا ذکر کرتے تھکتی نہیں رابعہ، بہت خوشی ہوئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آپ سے مل کر۔۔۔جی شکریہ وہ بھائی۔۔۔ہاں تو عمر تمہیں انھیں کی مدد کرنی ہے جو کہ صرف تم ہی کر سکتے ہو۔۔اس سے بولا ہی نہیں جا رہا تھا کہ مکرم نے بول کر اس کی مشکل آسان کر دی۔۔۔جی بہنا بتائیے کیا خدمت کر سکتا ہوں؟ تمہاری پکس چاہیے وہ بھی آپ کی منگیتر کے بتائے گئے پوز والی۔۔۔جی ضرور یہ بھی کوئی پوچھنے والی بات ہے آپ بنا لے پکس۔۔۔میں بناتا ہوں یار وہ بیچاری ٹھیک سے بول نہیں رہی اور نروس بھی ہو رہی ہے۔۔ مکرم نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھتے سرگوشی کی۔۔۔آؤ آئی ایم سوری سر آپ ہی بنا لے۔۔۔مکرم اس کو پوز بتاتے پکس بنانے لگا جبکہ میرال ان کو دیکھ رہی تھی۔

یہ لے بن گئی پکس۔۔۔موبائل اس کو پکڑاتے بولا۔۔۔۔تھینک یو سو مچ آپ نے میری بہت بڑی مشکل حل کر دی۔۔۔اٹس اوکے۔۔۔ٹیبل پر کھانا لگ چکا تھا سب کھانا کھانے لگے۔ ویسے ایک بات پوچھ سکتا۔۔۔وہ سندس بیگم کے پاس جانے لگی کہ مکرم بولا۔۔۔جی۔۔۔کیا آپ نے مجھے پہچانا نہیں یا پہچان کر انجان ہو گئی ہیں۔۔۔کیا مطلب میں کچھ سمجھی نہیں۔۔۔ ہم پہلے ایک بار مل چکے ہیں آپ کو یاد نہیں کچھ ٹائم پہلے آپ روڈ کراس کر رہی تھی میری گاڑی سے ٹکرتے ٹکرتے بچی تھی۔۔۔اووو آپ۔۔۔نہیں مجھے یاد نہیں رہا میں نے دھیان

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نہیں دیا تھا، اس کے کہنے پر میرال ایک دم چونکی۔۔۔ ہمم سہی بائی داوے آپ سے مل کر بہت اچھا لگا۔۔۔ شکریہ۔۔۔ کہتے وہ چلی گئی۔۔۔

~~***~~

جاری ہے۔۔۔۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.xyz آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

logicalmoez@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
whatsapp _ 0319 8276205

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com